سوال

(215) عمداً ترک نماز کی قضا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں نے مسلسل تین دن کی نمازیں ترک کردیں اور پھر اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے مجھے ہدایت عطا فرمادی اور میں نے نماز شروع کردی اور کوئی نماز نہ چھوڑی۔ البتہ مذکورہ تین دنوں کی نمازیں ضرور میرے ذمہ ہیں تو کیا میں ان کی قضا دوں یا عمداً ترک نماز کی قضا نہیں ہے، راہنمائی فرمائیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آپ پر قضا لازم نہیں ہے۔ البتہ یہ لازم ہے کہ سچی توبہ کریں، نماز کا اہتمام کریں، سنتوں کی حفاظت کریں اور کثرت کے ساتھ نفل نمازیں ادا کریں۔ اللہ تعالیٰ گناہوں کو معاف فرمادیتا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج4ص169

محدث فتویٰ